11317-اللہ تعالی کے اسم "المصور" کا معنی۔

سوال

اللہ تعالی کے اسم "المصور" کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اللہ تعالی ہی مخلوق کا مصور ہے وہ جس طرح چاہے اس کی صورت بناتا ہے ، اور وہ اللہ تعالی ہی ہے جس سب موجودات کی تصویر کشی کی اور ہر ایک چیز کو اس کی خاص شکل وصورت عطا فرمائی جس کے ساتھ اس کی دوسری بہت سی مختلف اشیاء میں سے تمیز ہوتی ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی نے ہر شکل وصورت بنائی ایسے نہیں کہ کوئی مثال لے کر یا رسم اور خاکہ وغیرہ بنا کر اللہ تعالی ان سب سے بلند وبالا ہے ، وہ تو جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اسے "کن" ہو جا کہتا ہے تو وہ چیز اس صفت اور شکل میں ہو جاتی ہے جو وہ اختیار فرماتا ہے ، اور وہ جس چیز کی ایجاد چاہتا ہے وہ اسی صفت پر نافذ ہوتی ہے جیسے وہ چاہے ۔

اور بعض نے الخالق اور الباریٔ اور المصور میں فرق کیا ہے وہ اس طرح کہ :

الخالق :

وہ جو سب مخلوقات کو عدم سے وجود میں ان صفات میں لانے والا ہے جو کہ مقدر ہیں ۔

الباریٔ :

لوگوں کو مٹی سے پیدا کرنے والا ۔

المصور :

مختلف شکل وصورتیں بنانے والا ۔

تو الخالق عام اور اس سے الباریٔ خاص ہے اور المصور خاص الخاص ہے ۔ .